فاذکرونی أذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون

اسباب الخیر



امجد علی خان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

هُوَاللّٰہُ جلّ جلالہٗ وہ اللہ	الَّذِیْ لَا اِلٰہَ جلّ جلالہٗ کہ نہیں کوئی معبود	اِلَّا ھُوَ جلّ جلالہٗ مگر وہ	اَلرَّحْمٰنُ جلّ جلالہٗ بڑا مہربان	اَلرَّحِیْمُ جلّ جلالہٗ نہایت رحم والا	اَلْمَلِکُ جلّ جلالہٗ بادشاہ
اَلْقُدُّوْسُ جلّ جلالہٗ پاک	اَلسَّلَامُ جلّ جلالہٗ سلامت رکھنے والا	اَلْمُؤْمِنُ جلّ جلالہٗ امن دینے والا	اَلْمُهَیْمِنُ جلّ جلالہٗ نگہبان	اَلْعَزِیْزُ جلّ جلالہٗ غالب	اَلْجَبَّارُ جلّ جلالہٗ زبردست
اَلْمُتَکَبِّرُ جلّ جلالہٗ بڑائی والا	اَلْخَالِقُ جلّ جلالہٗ پیدا کرنے والا	اَلْبَارِئُ جلّ جلالہٗ عالم کا بنانے والا	اَلْمُصَوِّرُ جلّ جلالہٗ صورت بنانے والا	اَلْغَفَّارُ جلّ جلالہٗ بخشنے والا	اَلْقَهَّارُ جلّ جلالہٗ زبردست
اَلْوَهَّابُ جلّ جلالہٗ بہت دینے والا	اَلرَّزَّاقُ جلّ جلالہٗ رزق دینے والا	اَلْفَتَّاحُ جلّ جلالہٗ کھولنے والا	اَلْعَلِیْمُ جلّ جلالہٗ جاننے والا	اَلْقَابِضُ جلّ جلالہٗ بند کرنے والا	اَلْبَاسِطُ جلّ جلالہٗ کھولنے والا
اَلْخَافِضُ جلّ جلالہٗ پست کرنے والا	اَلرَّافِعُ جلّ جلالہٗ بلند کرنے والا	اَلْمُعِزُّ جلّ جلالہٗ عزت دینے والا	اَلْمُذِلُّ جلّ جلالہٗ خوار کرنے والا	اَلسَّمِیْعُ جلّ جلالہٗ سننے والا	اَلْبَصِیْرُ جلّ جلالہٗ دیکھنے والا
اَلْحَکَمُ جلّ جلالہٗ حاکم	اَلْعَدْلُ جلّ جلالہٗ عدل کرنے والا	اَللَّطِیْفُ جلّ جلالہٗ باریک بین	اَلْخَبِیْرُ جلّ جلالہٗ خبردار	اَلْحَلِیْمُ جلّ جلالہٗ بُردبار	اَلْعَظِیْمُ جلّ جلالہٗ بزرگ
اَلْغَفُوْرُ جلّ جلالہٗ بخشنے والا	اَلشَّکُوْرُ جلّ جلالہٗ شکر پسند	اَلْعَلِیُّ جلّ جلالہٗ بُلند	اَلْکَبِیْرُ جلّ جلالہٗ بڑا	اَلْحَفِیْظُ جلّ جلالہٗ نگہبان	اَلْمُقِیْتُ جلّ جلالہٗ قوت دینے والا
اَلْحَسِیْبُ جلّ جلالہٗ کافی	اَلْجَلِیْلُ جلّ جلالہٗ بزرگ	اَلْکَرِیْمُ جلّ جلالہٗ سخی	اَلرَّقِیْبُ جلّ جلالہٗ نگہبان	اَلْمُجِیْبُ جلّ جلالہٗ قبول کرنے والا	اَلْوَاسِعُ جلّ جلالہٗ فراخی دینے والا

اَلْحَکِیْمُ جلّ جلالہٗ حکمت والا	اَلْوَدُوْدُ جلّ جلالہٗ دوست بڑا	اَلْمَجِیْدُ جلّ جلالہٗ بزرگ	اَلْبَاعِثُ جلّ جلالہٗ اُٹھانے والا	اَلشَّہِیْدُ جلّ جلالہٗ گواہ	اَلْحَقُّ جلّ جلالہٗ سچا
اَلْوَکِیْلُ جلّ جلالہٗ کارساز	اَلْقَوِیُّ جلّ جلالہٗ طاقت والا	اَلْمَتِیْنُ جلّ جلالہٗ مضبوط	اَلْوَلِیُّ جلّ جلالہٗ دوست	اَلْحَمِیْدُ جلّ جلالہٗ قابلِ تعریف	اَلْمُحْصِیْ جلّ جلالہٗ گھیرنے والا
اَلْمُبْدِئُ جلّ جلالہٗ پہلے پیدا کرنیوالا	اَلْمُعِیْدُ جلّ جلالہٗ دوبارہ پیدا کرنیوالا	اَلْمُحْیِیْ جلّ جلالہٗ زندہ کرنے والا	اَلْمُمِیْتُ جلّ جلالہٗ مارنے والا	اَلْحَیُّ جلّ جلالہٗ زندہ	اَلْقَیُّوْمُ جلّ جلالہٗ ہمیشہ رہنے والا
اَلْوَاجِدُ جلّ جلالہٗ پانے والا	اَلْمَاجِدُ جلّ جلالہٗ بزرگی والا	اَلْوَاحِدُ جلّ جلالہٗ ایک	اَلْاَحَدُ جلّ جلالہٗ اکیلا	اَلصَّمَدُ جلّ جلالہٗ بے نیاز	اَلْقَادِرُ جلّ جلالہٗ قدرت والا
اَلْمُقْتَدِرُ جلّ جلالہٗ صاحبِ قدرت کا	اَلْمُقَدِّمُ جلّ جلالہٗ پہلا	اَلْمُؤَخِّرُ جلّ جلالہٗ پچھلا	اَلْاَوَّلُ جلّ جلالہٗ اوّل	اَلْاٰخِرُ جلّ جلالہٗ آخر	اَلظَّاہِرُ جلّ جلالہٗ آشکارا
اَلْبَاطِنُ جلّ جلالہٗ پوشیدہ	اَلْوَالِیْ جلّ جلالہٗ کارساز	اَلْمُتَعَالِ جلّ جلالہٗ برتر	اَلْبَرُّ جلّ جلالہٗ احسان کرنے والا	اَلتَّوَّابُ جلّ جلالہٗ توبہ قبول کرنیوالا	اَلْمُنْتَقِمُ جلّ جلالہٗ بدلہ لینے والا
اَلْعَفُوُّ جلّ جلالہٗ معاف کرنے والا	اَلرَّءُوْفُ جلّ جلالہٗ بہت مہربان	مَالِكُ الْمُلْكِ جلّ جلالہٗ مالک ملک کا	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جلّ جلالہٗ صاحبِ بزرگی اور بخشش کا	اَلْمُقْسِطُ جلّ جلالہٗ عدل کرنے والا	اَلْجَامِعُ جلّ جلالہٗ جمع کرنے والا
اَلْغَنِیُّ جلّ جلالہٗ بے پرواہ	اَلْمُغْنِیْ جلّ جلالہٗ دولت مند کرنے والا	اَلْمَانِعُ جلّ جلالہٗ منع کرنے والا	اَلضَّارُّ جلّ جلالہٗ ضرر دینے والا	اَلنَّافِعُ جلّ جلالہٗ نفع دینے والا	اَلنُّوْرُ جلّ جلالہٗ روشنی والا
اَلْہَادِیْ جلّ جلالہٗ راہ دکھانے والا	اَلْبَدِیْعُ جلّ جلالہٗ نیا پیدا کرنیوالا	اَلْبَاقِیْ جلّ جلالہٗ ہمیشہ رہنے والا	اَلْوَارِثُ جلّ جلالہٗ مالک	اَلرَّشِیْدُ جلّ جلالہٗ راہنما	اَلصَّبُوْرُ جلّ جلالہٗ بڑا تحمل والا



اللَّهُمَّ أَعِنِّى عَلَى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.

"اے اللہ! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر کروں، تیرا شکر کروں اور تیری بہترین عبادت کروں"

انتساب

میں اس کتاب کو انتہائی عاجزی و انکساری کے ساتھ

سیّدنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کی خدمت اقدس میں بطور ہدیہ پیش کرتا ہوں

اور

اسے اپنے والدین کریمین کے نام کرتا ہوں جنہوں نے میری پرورش میں اپنی ساری صلاحیتیں اور توانائیاں صرف کیں۔

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُكَ لِكُلِّ ذَنۡبٍ یُّدَنِّسُ مَا طَھَّرۡتَہٗ وَیَكۡشِفُ عَنِّیۡ مَا سَتَرۡتَہٗ اَوۡ یُقَبِّحُ مِنِّیۡ مَا زَیَّنۡتَہٗ ط

اے اللہ! میں معافی مانگتا ہوں آپ سے ہر ایسے گناہ کی جو مَیلا کرتا ہے ہر اس چیز کو جس کو آپ نے پاک کیا ہے اور پردہ ہٹادیتا ہے۔ میری تمام برائیوں سے جس پر آپ نے پردہ کیا ہے۔ یا بدصورت بنادیتا ہے۔ مجھ سے ہر اس چیز کو جسے آپ نے خوبصورت کیا۔ (یعنی بعض گناہوں کی نحوست انسان کے دل کو بصیرت کی روشنی سے محروم کردیتی ہے۔ جس سے نیک اعمال بوجھ محسوس ہوتے ہیں۔ اللہ جل شانہٗ سے دعا ہے کہ ہر مسلمان کو اپنی حفظ و ایمان میں رکھیں۔)

فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اغْفِرْہُ لِیْ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ.

پس آپ رحمت نازل فرمایئے اے میرے پروردگار اور سلامتی اور برکت نازل فرمایئے۔ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور میرے گناہ معاف فرمادیجئے۔ اے سب سے بہتر معاف کرنے والے

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۞ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۞ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۞ صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ٥ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۞

ترجمہ :- سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بہت مہربان رحمت والا۔ روز جزا کا مالک۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں۔ تو ہم کو سیدھے راستے پر چلا۔ راستہ ان کا جن پر تو نے احسان کیا۔ نہ ان کے جن پر غضب ہوا۔ اور نہ بہکے ہوؤں کا

حرف دعا

یا ارحم الرّاحمین ! جو اہل ایمان اس دار فانی سے کوچ فرما گئے آپ کے حکم کے مطابق ، نبی کریم ﷺ کے وسیلہ جمیلہ سے ان کی نیکیاں قبول فرما۔ ان کی سہواً یا عمداً فکری و جسمانی لغزشوں کو معاف فرما اور ان کے ساتھ عفو و در گزر فرما۔ کیونکہ تیری رحمت تیرے غضب پر حاوی ہے۔ اور جو اہل ایمان زندہ ہیں۔ ان کے دلوں میں خشیّت الٰہی اور عشق رسول ﷺ کو زندہ و جاوید فرما۔ انھیں ظاہری و باطنی آلائشوں اور بیماریوں سے محفوظ و مامون فرما۔ اور ان کے قلوب و اذہان میں ایک دوسرے کے لئے ایثار و محبت کا جذبہ پیدا فرما۔ اس حیاتِ فانی میں انھیں نیک اعمال کو سرانجام دینے کی توفیق عطا فرما۔ اور ہم سب کا خاتمہ بالایمان فرما۔ آمین یا ربّ العالمین

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی آلِ اِبۡرَاھِیۡمَ وَبَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰی آلِ اِبۡرَاھِیۡمَ فِی الۡعَالَمِیۡنَ ، اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ، اَلسَّلَامُ عَلَیۡكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ۞

ترجمہ : اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر جس طرح تونے درود نازل فرمایا سیدنا ابراھیم علیہ السلام پر اور آل سیدنا ابراھیم علیہ السلام پر۔ اور برکت نازل فرما سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر جس طرح تونے سیدنا ابراھیم علیہ السلام پر اور سیدنا ابراھیم علیہ السلام کی اولاد پر برکت نازل فرمائی سارے جہانوں میں بے شک تو تعریف کیا گیا ہے بزرگ ہے۔ سلام ہو آپ ﷺ پر، اے نبی ﷺ اور اللہ تعالٰی کی رحمت اور اللہ تعالٰی کی برکت آپ ﷺ پر نازل ہو .

فہرست

پیش لفظ

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِيۡ جَعَلَ الۡحَمۡدَ مِفۡتَاحاً لِذِكۡرِہٖ وَخَلَقَ الۡاَشۡیَاءَ نَاطِقَةً بِحَمۡدِہٖ وَشُكۡرِہٖ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ الطَّیِّبِیۡنَ الطَّاھِرِیۡنَ۔

آج سبھی شکوہ کناں ہیں کہ بے قراری واضطراب ماحصلِ زندگی ہو کر رہ گئے ہیں۔ سامانِ راحت میسر ہونے کے باوجود کیفیاتِ قلبی منتشر وپراگندہ ہیں۔آخر ایسا کیوں؟ جواب کا حصول انتہائی آسان ہے۔ اللہ جل شانہ اس بارے میں کاارشاد فرماتے ہیں۔

"اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ تَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿۲۸﴾ "(الرعد)

وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں، سن لو اللہ کی یاد ہی میں دلوں کا چین ہے

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافرمان اقدس ہے :

" الزُّهۡدُ فِي الدُّنۡيَا يُرِيۡحُ الۡقَلۡبَ ، وَالۡجَسَدَ " " دنیا سے بے رغبتی دل اور جسم دونوں کے لئے راحت بخش ہے۔" (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، المعجم الأوسط للطبرانی: 6286)

جبکہ ہم روح ودل کا اطمینان وسکون دنیاوی مال واسباب میں تلاشتے ہیں۔اپنے رشتے ناطے بھلا کر دنیا کمانے میں اس قدر محو ومگن کہ اس طرزِ معاشرت کوطاقِ نسیان بنا دیا جسے دینِ الٰہی نے ہماری زندگی کی

اساس قرار دیا۔ حالانکہ یہ بات ہم پہ روزِروشن کی طرح عیاں ہے کہ جو کچھ ہمارا مقدّر کر دیا گیا، اس سے ایک رتّی بھر بھی زیادہ حاصل نہیں کر سکتے۔ قلب و روح کا قرار و چین اللہ تبارک تعالیٰ کے ذکر میں مضمر ہے۔ اور اسے ہم اشیائے فانی میں ڈھونڈتے ہیں۔ قرآن کریم میں ہے،

وَ مَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ وَ اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۶۴ (العنکبوت:64)

اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشہ ہے اور (ہمیشہ کی) زندگی (کا مقام) تو آخرت کا گھر ہے۔ کاش یہ (لوگ) سمجھتے.

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ تَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ؕ (الحدید:20)

جان رکھو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زینت (وآرائش (اور تمہارے آپس میں فخر) وستائش (اور مال واولاد کی ایک دوسرے سے زیادہ طلب) وخواہش (ہے)

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۫ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝۷۷ (النساء)

آپ (انہیں) فرمادیجئے کہ دنیا کا مفاد بہت تھوڑا (یعنی معمولی شے) ہے، اور آخرت بہت اچھی (نعمت) ہے اس کے لئے جو پرہیزگار بن جائے، وہاں ایک دھاگے کے برابر بھی تمہاری حق تلفی نہیں کی جائے گی،

بندہ عاجز آپ سے یہ نہیں کہتا کہ دنیا مت کماؤ فقط اتنا عرض کرتا ہے۔ بقدرِ ضرورت کماؤ اور طریقہء حلال سے۔ اور جان لو یہ سب کچھ فنا ہونے والا مال و متاع ہے جبکہ ذکر اللہ دائمی وابدی حقیقت اور باعثِ سکون وعافیت۔

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝۱ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝۲ (التکاثر:1-2)

(لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کردیا یہاں تک کہ تم نے قبریں جادیکھیں۔
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا: درہم اور دینار کا غلام ہلاک ہوا.

عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ۔ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم "يَكْبَرُ ابْنُ آدَمَ وَيَكْبَرُ مَعَهُ اثْنَانِ حُبُّ الْمَالِ، وَطُولُ الْعُمُرِ".

(رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ. البخاری: کتاب الرقاق، 6420)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کی عمر بڑھتی جاتی ہے اور اس کے ساتھ دو چیزیں اس کے اندر بڑھتی جاتی ہیں، مال کی محبت اور عمر کی درازی۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ كَيْسَانَ النَّحْوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ أَتَى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَقْرَأُ: أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ سورة التكاثر آية 1. قَالَ: "يَقُولُ ابْنُ آدَمَ مَالِي مَالِي قَالَ وَهَلْ لَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مِنْ مَالِكَ إِلاَّ مَا أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ أَوْ لَبِسْتَ فَأَبْلَيْتَ أَوْ تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ".

(صحیح مسلم:۔کتاب الزھد والرقائق: باب التزھید فی الدنیا والترغیب فی الاٰخرۃ، حدیث نمبر۲۹۵۸)

آدم کا بیٹا کہتا ہے: میرا مال، میرا مال (اس کے بعد) آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن آدم! تجھے کیا ہوگیا تیرا مال تو وہ ہے جو تو نے کھا کر ختم کردیا، یا جو تو نے پہن کر بوسیدہ کردیا، یا صدقہ کرکے آخرت کے لیے ذخیرہ کرلیا۔

حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ۔ رضی اللہ عنہما۔ يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُولُ "لَوْ كَانَ

لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لاَبْتَغَى ثَالِثًا، وَلاَ يَمْلأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلاَّ التُّرَابُ، " (البخاری: کتاب الرقاق، باب مایتقی من فتنۃ المال ،6435)

ہم سے ابو عاصم نبیل نے بیان کیا، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، ان سے عطاء بن ابی رباح نے بیان کیا، کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر انسان کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو تیسری کا خواہشمند ہوگا اور انسان کا پیٹ مٹی کے سوا اور کوئی چیز نہیں بھر سکتی.

حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنَا مَخْلَدٌ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً، يَقُولُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ " لَوْ أَنَّ لاِبْنِ آدَمَ مِثْلَ وَادٍ مَالاً لأَحَبَّ أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ مِثْلَهُ، وَلاَ يَمْلأُ عَيْنَ ابْنِ آدَمَ إِلاَّ التُّرَابُ . متفق علیہ: (من حدیث ابن عباس، البخاری: کتاب الرقاق، باب مایتقی من فتنۃ المال، 6436)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر انسان کے پاس مال (بھیڑ بکری) کی پوری وادی ہو تو وہ چاہے گا کہ اسے ویسی ہی ایک اور مل جائے اور انسان کی آنکھ مٹی کے سوا اور کوئی چیز نہیں بھر سکتی.

اس فانی دنیا و مال کے حصول میں ہم خالقِ حقیقی کو بھلا بیٹھے ہیں حالانکہ روح انسانی کو سکون فقط اللہ جل شانہ کے ذکر میں ہی میسر آ سکتا ہے۔ دنیا و مافیہا سے بے نیاز کر دینے والی چیز ذکر اللہ ہی ہے۔ ہر رنج و غم اور خوف سے نجات دلانے والی۔ جس کسی نے بھی یادِ الٰہی کو حرزِ جاں بنا لیا۔ اس کی زندگی میں حزن و ملال اور انتشار و بے قراری کا شائبہ تک نہ رہا۔ کیفیاتِ سکون و اطمینان اس کے لئے فراواں و جاوداں ہو گئیں۔

أَلَآ إِنَّ أَوۡلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ ﴿٦٢﴾ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَ
كَانُواْ يَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ ٱلۡبُشۡرَىٰ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِۚ لَا تَبۡدِيلَ
لِكَلِمَٰتِ ٱللَّهِۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ ﴿٦٤﴾ (یونس)

سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے ہیں، انہیں خوشخبری ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں، اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں یہی بڑی کامیابی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وجنَّةُ الكَافِرِ.)

(رواہ مسلم)

دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے۔

قالَ الإمام البُخاريُّ ـ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ ـ فِي "صحيحه" (88/8) / (6412):
حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ هُوَ ابْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ، الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ" (صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب ما جاء فی الرقاق وأن لا عيش إلا عيش الآخرة. حدیث نمبر 6412)

سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں کہ اکثر لوگ اس سے غفلت میں رہتے ہیں: (1) تندرستی اور (2) فرصت۔

ہمیں اس بات کو اپنے قلب واذہان پہ نقش کر لینا چاہیئے کہ ہم چند گھڑی کے مسافر ہیں۔اور ہمیں جلد یا بدیر اس دنیائے فانی سے رخصت لینا ہے۔اور منزل حقیقی کی راہ لینا ہے۔ یہاں کی چند روزہ حیات مستعار کے لئے اتنی تگ ودو اور حیات دائمی کے لئے زادِراہ کیا؟

آیئے اک عہد کریں کہ آج سے حبّ جاہ ومال میں ہمہ تن وہمہ وقت سر گرداں رہنے کی بجائے ہم اپنا زیادہ وقت منعم حقیقی کے حمد و تمجید میں صرف کریں گے کہ حقیقی سکون و عافیت ذکر ربّانی میں ہی نہاں ہے۔ ربّ ذوالجلال سے دعا ہے کہ وہ ہر حال میں ہمارا حامی و ناصر ہو ! آمین ! ثم آمین !

اس کتاب میں موجود ہر خوبی اللہ کریم کی عطا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظرِ عنایت کے سبب ہوگی جبکہ کسی خامی و کوتاہی کا موجب میری کم علمی و کم مائیگی قرار پائے گی۔ جس کے لئے میں اللہ التوّاب الرّحیم سے استغفار و توبہ کرتا ہوں۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْن.

طالب دعا

امجد علی خان

۱۶ جولائی ۲۰۱۵ ، ۲۹ رمضان المبارک ۱۴۳۶ بروز جمعرات

قرآن کریم میں نازل ہونے والی

آیات حمد و تمجید

قرآن مجید میں آیاتِ حمد و تمجید کا ہونا اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ اللہ جل جلالہ اپنے بندوں سے کس قدر محبت کرتے ہیں۔ ان آیات مبارکہ کا پڑھنا انشاء اللہ العزیز آپ کے دنیاوآخرت دائمی فلاح ونجات کا باعث ہو گا۔ اللہ جل شانہ کی حمد وثنا کرنا انتہائی افضل اور صالح اعمال میں سے ہے۔ اور انہیں اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لینے سے اللہ ربّ العزّت کی قربت حاصل ہو گی۔ اور دنیاوی اخروی نعمتوں میں اضافے و برکت کا موجب ہو نگی۔ اللہ تعالیٰ کی پاکی و بزرگی و کبریائی بیان کرنا ہی اصل عبادت ہے۔ ان آیات مبارکہ کو جمع کرنے کا مقصد آپ کے لئے آسانی پیدا کرنا ہے تاکہ آپ اپنی مصروف زندگی سے وقت نکال کر اللہ جل جلالہ کی زیادہ سے زیادہ بزرگی و کبریائی بیان کر سکیں۔ اس ذات باری تعالیٰ کا شکرادا کریں ۔اس طرح نہ صرف اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضاو خوشنودی حاصل ہو گی۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے اس وعدے سے بھی آپ مستفید ہوں گے جس میں اللہ کریم اپنے مطیع وفرمانبردار بندوں سے مخاطب ہیں۔

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَىِٕنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ۝

اور یاد رکھو، تمہارے رب نے خبردار کر دیا تھا کہ اگر شکر گزار بنو گے تو میں تم کو اور زیادہ نوازوں گا اور اگر کفران نعمت کرو گے تو میری سزا بہت سخت ہے"

قرآن کریم میں ان آیات حمد و ثنا کا ہونا بندہ مومن کے لئے افضل ترین نعمت ہے۔ جن کی تلاوت کر کے وہ اپنے لئے دنیاوی واخروی دائمی سعادتیں حاصل کر سکتا ہے۔

آیات تمجید و ثنا

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۝۳۲ (البقرۃ)

بولے پاکی ہے تجھے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا بے شک تو ہی علم و حکمت والا ہے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

وَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِی

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝۱۱۶ (البقرۃ)

اور یہ لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ خدا اولاد رکھتا ہے۔ (نہیں) وہ پاک ہے، بلکہ جو کچھ آسمانوں اور

زمین میں ہے، سب اسی کا ہے اور سب اس کے فرماں بردار ہیں۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

النَّارِ ۝۱۹۱ (آل عمران)

اے پروردگار ! تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ (النساء)

اس سے پاک ہے کہ اس کے اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور خدا ہی کارساز کافی ہے.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ

﴿١١٦﴾ (المائدة)

تو پاک ہے مجھے کب شایاں تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کا مجھے کچھ حق نہیں.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٠٠﴾ (الانعام)

پاک ہے اور (اس کی شان ان سے) بلند ہے.

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

فَلَمَّاۤ اَفَاقَ قَالَ سُبۡحٰنَکَ تُبۡتُ اِلَیۡکَ وَ اَنَا اَوَّلُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۴۳﴾ (الأعراف)

جب ہوش میں آئے تو کہنے لگے کہ تیری ذات پاک ہے اور میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور جو ایمان لانے والے ہیں ان میں سب سے اول ہوں.

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ سُبۡحٰنَہٗ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۳۱﴾ (التوبة)

اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور وہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے.

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

دَعۡوٰىہُمۡ فِیۡہَا سُبۡحٰنَکَ اللّٰہُمَّ وَ تَحِیَّتُہُمۡ فِیۡہَا سَلٰمٌ ۚ وَ اٰخِرُ دَعۡوٰىہُمۡ اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۰﴾ؑ (یونس)

وہاں ان کی صدا یہ ہوگی کہ "پاک ہے تو اے خدا، "اُن کی دعا یہ ہوگی کہ "سلامتی ہو "اور ان کی ہر بات کا خاتمہ اس پر ہوگا کہ "ساری تعریف اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے "

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ (یونس)

کیا تم اللہ کو اُس بات کی خبر دیتے ہو جسے وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے نہ زمین میں؟ "پاک ہے وہ اور بالا و برتر ہے اُس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ (یونس)

لوگوں نے کہہ دیا کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے سبحان اللہ! وہ تو بے نیاز ہے، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اس کی ملک ہے تمہارے پاس اس قول کے لیے آخر کیا دلیل ہے؟ کیا تم اللہ کے متعلق وہ باتیں کہتے ہو جو تمہارے علم میں نہیں ہیں؟

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ (یوسف)

اور اللہ پاک ہے اور شرک کرنے والوں سے میرا کوئی واسطہ نہیں"

اَتٰۤی اَمۡرُ اللّٰہِ فَلَا تَسۡتَعۡجِلُوۡہُ ؕ سُبۡحٰنَہٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ① (النحل)

آ گیا اللہ کا فیصلہ، اب اس کے لیے جلدی نہ مچاؤ پاک ہے وہ اور بالاتر ہے اُس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں.

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ یَجۡعَلُوۡنَ لِلّٰہِ الۡبَنٰتِ سُبۡحٰنَہٗ ۙ وَ لَہُمۡ مَّا یَشۡتَہُوۡنَ ﴿۵۷﴾ (النحل)

یہ خدا کے لیے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں سبحان اللہ ! اور اِن کے لیے وہ جو یہ خود چاہیں؟

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ① (الاسراء)

پاک ہے وہ جو لے گیا ایک رات اپنے بندے کو مسجد حرام سے دور کی اُس مسجد تک جس کے ماحول کو اس نے برکت دی ہے، تاکہ اسے اپنی کچھ نشانیوں کا مشاہدہ کرائے حقیقت میں وہی ہے سب کچھ سننے اور دیکھنے والا.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوۡلُوۡنَ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ۝٤٣ ﴿الإسراء﴾

پاک ہے وہ اور بہت بالا و برتر ہے اُن باتوں سے جو یہ لوگ کہہ رہے ہیں.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

قُلۡ سُبۡحَانَ رَبِّىۡ هَلۡ كُنۡتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوۡلًا ۝٩٣ (الإسراء)

"اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، اِن سے کہو "پاک ہے میرا پروردگار ! کیا میں ایک پیغام لانے والے انسان کے سوا اور بھی کچھ ہوں؟"

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَّيَقُوۡلُوۡنَ سُبۡحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنۡ كَانَ وَعۡدُ رَبِّنَا لَمَفۡعُوۡلًا ۝١٠٨

(الإسراء)

اور پکار اٹھتے ہیں "پاک ہے ہمارا رب، اُس کا وعدہ تو پورا ہونا ہی تھا"

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

مَا کَانَ لِلّٰہِ اَنۡ یَّتَّخِذَ مِنۡ وَّلَدٍ ۙ سُبۡحٰنَہٗ ؕ اِذَا قَضٰۤی اَمۡرًا

فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿ؕ۳۵﴾ (مریم)

اللہ کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے وہ پاک ذات ہے وہ جب کسی بات کا فیصلہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا، اور بس وہ ہو جاتی ہے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

فَسُبۡحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ﴿۲۲﴾ (الأنبیاء)

پس پاک ہے اللہ ربّ العرش اُن باتوں سے جو یہ لوگ بنا رہے ہیں۔

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا سُبۡحٰنَہٗ ؕ بَلۡ عِبَادٌ

مُّکۡرَمُوۡنَ ﴿ۙ۲۶﴾ (الأنبیاء)

یہ کہتے ہیں "رحمان اولاد رکھتا ہے" سبحان اللہ، وہ تو بندے ہیں جنہیں عزّت دی گئی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ ذَا النُّوۡنِ اِذۡ ذَّہَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنۡ لَّنۡ نَّقۡدِرَ عَلَیۡہِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنۡ لَّاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ٭ۖ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۸۷﴾ۚۖ (الأنبیاء)

جبکہ وہ بگڑ کر چلا گیا تھا اور سمجھا تھا کہ ہم اس پر گرفت نہ کریں گے آخر کو اُس نے تاریکیوں میں پکارا " نہیں ہے کوئی خدا مگر تُو، پاک ہے تیری ذات، بے شک میں نے قصور کیا"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ لَعَلَا بَعۡضُہُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ﴿۹۱﴾ۙ

(المؤمنون)

اور پھر وہ ایک دوسرے پر چڑھ دوڑتے پاک ہے اللہ ان باتوں سے جو یہ لوگ بناتے ہیں.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَ لَوۡ لَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡہُ قُلۡتُمۡ مَّا یَکُوۡنُ لَنَاۤ اَنۡ نَّتَکَلَّمَ بِہٰذَا ٭ۖ سُبۡحٰنَکَ ہٰذَا بُہۡتَانٌ عَظِیۡمٌ ﴿۱۶﴾ (النور)

کیوں نہ اُسے سنتے ہی تم نے کہہ دیا کہ "ہمیں ایسی بات زبان سے نکالنا زیب نہیں دیتا، سبحان اللہ، یہ تو ایک بہتان عظیم ہے"

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ مَا كَانَ يَنۡۢبَغِىۡ لَنَاۤ اَنۡ نَّتَّخِذَ مِنۡ دُوۡنِكَ مِنۡ اَوۡلِيَآءَ ۞١٨ (الفرقان)

وہ عرض کریں گے "پاک ہے آپ کی ذات، ہماری تو یہ بھی مجال نہ تھی کہ آپ کے سوا کسی کو اپنا مولا بنائیں"

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوۡدِىَ اَنۡۢ بُوۡرِكَ مَنۡ فِى النَّارِ وَمَنۡ حَوۡلَهَا ؕ وَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۞٨ (النمل)

پھر جب آگ کے پاس آیا ندا کی گئی کہ برکت دیا گیا وہ جو اس آگ کی جلوہ گاہ میں ہے یعنی موسیٰ اور جو اس کے آس پاس میں یعنی فرشتے اور پاکی ہے اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَرَبُّكَ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخۡتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الۡخِيَرَةُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۞٦٨ (القصص)

اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور پسند فرماتا ہے ان کا کچھ اختیار نہیں، پاکی اور برتری ہے اللہ کو ان کے شرک سے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

فَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ حِيۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِيۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ ﴿۱۷﴾ (الروم)

تو اللہ کی پاکی بولو جب شام کرو اور جب صبح ہو۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ ثُمَّ رَزَقَكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ يُحۡيِيۡكُمۡ ؕ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآئِكُمۡ مَّنۡ يَّفۡعَلُ مِنۡ ذٰلِكُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ ؕ سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۴۰﴾ (الروم)

اللہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہیں روزی دی پھر تمہیں مارے گا پھر تمہیں جِلائے گا کیا تمہارے شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ کرے پاکی اور برتری ہے اسے ان کے شرک سے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ اَنۡتَ وَلِيُّنَا مِنۡ دُوۡنِهِمۡ ۚ بَلۡ كَانُوۡا يَعۡبُدُوۡنَ الۡجِنَّ ۚ اَكۡثَرُهُمۡ بِهِمۡ مُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴۱﴾ (سبا)

وہ عرض کریں گے پاکی ہے تجھ کو تو ہمارا دوست ہے نہ وہ بلکہ وہ جِنوں کو پوجتے تھے ان میں اکثر انہیں پر یقین لائے تھے.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحٰنَ الَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝٣٦ (یٰس)

پاکی ہے اسے جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

فَسُبۡحٰنَ الَّذِىۡ بِيَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَىۡءٍ وَّ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝٨٣ (یٰس)

تو پاکی ہے، اسے جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے، اور اسی کی طرف پھیرے جاؤگے.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۝١٥٩ (الصافات)

پاکی ہے اللہ کو ان باتوں سے کہ یہ بتاتے ہیں.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ (الصافات)

پاکی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان کی باتوں سے.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۴﴾ (الزمر)

اگر خدا کسی کو اپنا بیٹا بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا انتخاب کر لیتا۔ وہ پاک ہے وہی تو خدا یکتا) اور (غالب ہے.

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَ الْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ السَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ (الزمر)

اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا کہ اس کا حق تھا اور وہ قیامت کے دن سب زمینوں کو سمیٹ دے گا اور اس کی قدرت سے سب آسمان لپیٹ دیے جائیں گے اور ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ تَقُوۡلُوۡا سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ مَا كُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾ (الزخرف)

اور یوں کہو پاکی ہے اسے جس نے اس سواری کو ہمارے بس میں کر دیا اور یہ ہمارے بوتے (کی نہ تھی.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۸۲﴾ (الزخرف)

پاکی ہے آسمانوں اور زمین کے رب کو، عرش کے رب کو ان باتوں سے جو یہ بناتے ہیں.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَمۡ لَهُمۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۴۳﴾ (الطور)

کیا خدا کے سوا ان کا کوئی اور معبود ہے؟ خدا ان کے شریک بنانے سے پاک ہے.

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ (الحشر)

وہی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ نہایت پاک سلامتی دینے والا امان بخشنے والا حفاظت فرمانے والا عزت والا عظمت والا تکبر والا اللہ کو پاکی ہے ان کے شرک سے۔

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ﴿۲۹﴾ (القلم)

بولے پاکی ہے ہمارے رب کو بیشک ہم ظالم تھے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حمد وثنا کے لئے تسبیحاتِ قرآنی

حکمِ تسبیح

اللہ عزّوجل نے قرآن کریم میں کئی ایک مقامات پر تسبیح کرنے کا حکم دیا۔اس کی مخلوقات میں کوئی ایسا نہیں جو اس حکم سے مبرّا ہو۔اللہ جل شانہ فرماتے ہیں۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ. (الفرقان: 58)

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السَّاجِدِينَ . (الحجر: 98)

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ (الواقعۃ: 74)

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى . (الأعلى: 1)

حکمِ ربّانی اور تسبیح الرسل علیہم السّلام

قرآن مجید میں بہت سے ایسے مقامات ہیں جہاں اللہ جل شانہ نے اپنے انبیاء علیہم السّلام کو صبح وشام تسبیح کرنے کا حکم دیا۔

حضرت یونس علیہ السّلام

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ . (الأنبياء: 87)

حضرت موسٰی علیہ السّلام

سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ . (الأعراف: 143)

حضرت داوٗد علیہ السّلام

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾. (ص: 18)

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام

سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ ؕ (المائدۃ: 116)

حضرت زکریا علیہ السّلام

وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۠ (آل عمران: 41)

حضرت زکریا علیہ السّلام

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ (مریم: 11)

سیّدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (یوسف: 108)

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ (الواقعۃ: 74)

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾ (النّصر: 3)

تسبیح المؤمنین

وَيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ (الاسراء: 108)

جنتی لوگوں کی تسبیح

دَعْوَاهُمْ فِيْهَا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ . (یونس: 10)

پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح

وَ سَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَ الطَّيْرَ ○ (الأنبياء: 79)

وَ الطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ تَسْبِيْحَهٗ ؕ ○ (النور: 41)

تسبیح الرعد (بجلی کی کڑک)

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ . (الرعد: 13)

تسبیح کل الموجودات

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَ الْاَرْضُ وَ مَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَ اِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَ لٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝۴۴ (الإسراء: 44)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ ○ (الحشر: 1)

قرآن میں نازل ہونے والی تسبیحات

۱. سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ ۞. (الإسراء: 1)

۲. سُبۡحَانَ رَبِّیۡ ۞. (الإسراء: 93)

۳. سُبۡحَانَ رَبِّنَا . (الإسراء: 108)

۴. سُبۡحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ (الطور: 43)

۵ . سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ (القصص: 68)

۶ . سُبۡحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ (المؤمنون: 91)

۷. سُبۡحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الۡعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ . (الصافات: 180)

۸ . فَسُبۡحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ . (الأنبياء: 22)

۹ . سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ کُلَّهَا . (یس: 36)

۱۰. فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡہِ

تُرۡجَعُوۡنَ ۞ . (یس: 83)

١١ . سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ہٰذَا وَ مَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ ﴿ۙ۱۳﴾

. (الزُّخرف: 13) سواری پر سوار ہوتے وقت

١٢. سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا

یَصِفُوۡنَ ﴿۸۲﴾. (الزُّخرف: 82)

سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور صیغہ تسبیحات

عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنْ رَسُول اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: مُعَقِّبَاتٌ لاَ يَخِيبُ قَائِلُهُنَّ أَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ صَلاَةٍ مَكْتُوبَةٍ ثَلاَثٌ وَثَلاَثُونَ تَسْبِيحَةً وَثَلاَثٌ وَثَلاَثُونَ تَحْمِيدَةً وَأَرْبَعٌ وَثَلاَثُونَ تَكْبِيرَةً.

(صحیح مسلم: 596 المساجد, سنن الترمذی: 3409 الدعوات, سنن النسائی: 3/ 75)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر فرض نماز کے بعد پڑھے جانے والے کچھ کلمات ایسے ہیں کہ ان کا پڑھنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا، 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمد اللہ اور 34 بار اللہ اکبر۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔ رضی الله عنه۔ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ " مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ. فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ " (رواہ البخاری: 6405)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے سبحان اللہ وبحمدہ دن میں سو مرتبہ کہا، اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں.

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ " كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيزَانِ، حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ، سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ، سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ " (رواہ البخاری: 6406)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے جو زبان پر ہلکے ہیں ترازو میں بہت بھاری اور رحمان کو عزیز ہیں۔ سبحان اللہ العظیم، سبحان اللہ وبحمدہ ۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: (مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ وَحِينَ يُمْسِي: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ، لَمْ يَأْتِ أَحَدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا أَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ أَوْ زَادَ عَلَيْهِ) " (رواہ مسلم: 2692)

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح اور شام کو (سبحان اللہ وبحمدہ) سو بار کہہ لے تو قیامت کے دن اس سے بہتر کوئی شخص عمل لے کر نہ آئے گا مگر جو اتنا ہی یا اس سے زیادہ کہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ"

(جامع الترمذی:3464)

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جس نے سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ کہا اس کے لیے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جائے گا"

عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ رضي الله عنه حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: (أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ، كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ؟) فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ: (يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ، فَيُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ، أَوْ يُحَطُّ عَنْهُ أَلْفُ خَطِيئَةٍ)

(رواہ مسلم: 2698)

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم ہر دن میں ایک ہزار نیکیاں نہیں کما سکتے؟ کسی نے عرض کیا حضور بھلا ایک ہزار نیکیاں ہم میں سے کوئی ایک کیسے کمائے گا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی سو مرتبہ (سُبْحَانَ اللهِ) پڑھتا ہے تو اس کو ایک ہزار نیکیاں ملتی ہیں اور ایک ہزار خطائیں معاف کردی جاتی ہیں

عَنْ أَبِي مَالِكٍ الأَشْعَرِيِّ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلأُ الْمِيزَانَ. وَسُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلآنِ أَوْ تَمْلأُ مَا بَيْنَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ. (صحیح مسلم)

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا طہارت نصف ایمان کے برابر ہے اور اَلْحَمْدُ لِلَّهِ میزان (عدل) کو بھر دے گا اور سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ سے زمین و آسمان کی درمیانی فضا بھر جائے گی.

عَنْ جُوَيْرِيَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِينَ صَلَّى الصُّبْحَ، وَهِيَ فِي مَسْجِدِهَا، ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ أَنْ أَضْحَى، وَهِيَ جَالِسَةٌ، فَقَالَ: (مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِي فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا؟) قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ" (رواہ مسلم: 2726)

ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے بعد صبح سویرے ان کے پاس سے نکلے، اور وہ اپنی نماز کی جگہ میں تھیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے وقت

لوٹے تو دیکھا کہ وہ وہیں بیٹھی ہوئی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب سے میں نے تمھیں چھوڑا تم اسی حال میں رہیں؟ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہارے بعد چار کلمے تین بار کہے اگر وہ اس کے ساتھ وزن کئے جائیں جو تم نے اب تک پڑھا ہے، تو البتہ وہی بھاری پڑیں گے۔ وہ کلمے یہ ہیں کہ " میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی خوبیوں کے ساتھ، اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر''

عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم " أَلاَ أُخْبِرُكَ بِأَحَبِّ الْكَلاَمِ إِلَى اللهِ " . قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَخْبِرْنِي بِأَحَبِّ الْكَلاَمِ إِلَى اللهِ . فَقَالَ " إِنَّ أَحَبَّ الْكَلاَمِ إِلَى اللهِ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ " . (صحیح مسلم)

سیدنا حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے وہ کلام نہ بتلاؤں جو اللہ کو بہت پسند ہے؟ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ! مجھے وہ کلام بتائیے جو اللہ کو بہت پسند ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ کلام (("سبحان اللہ وبحمدہ")) ہے

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم " لأَنْ أَقُولَ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ أَحَبُّ إِلَىَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ " (صحیح مسلم، جامع ترمذی)

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں "سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر" کہوں تو یہ مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ پسند ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ (یعنی ساری کائنات)

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالٰى جَدُّكَ، وَلَآ إِلٰهَ غَيْرُكَ. (رواہ مسلم واحمد والترمذی وابوداؤد)

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

اَللهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، وَسُبْحَانَ اللهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا۔ (رواہ مسلم واحمد والترمذی)

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، عَدَدَ خَلْقِهِ, وَرِضَا نَفْسِهِ, وَزِنَةَ عَرْشِهِ, وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ۔ (تین مرتبہ). رواہ مسلم

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ ، سُبْحَانَ اللهِ رِضَاءَ نَفْسِهٖ ، سُبْحَانَ اللهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ ، سُبْحَانَ اللهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ۞

'' میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر ، اس کی ذات کی رضا کے برابر ، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر ''

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحَانَكَ، مَا أَعۡظَمَكَ رَبَّنَا۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمۡدِكَ، اللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِيۡ.

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

سُبۡحَانَكَ رَبَّنَا تَبَارَكۡتَ وَتَعَالَيۡتَ.

آیات حمد

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾ سورۃ الفاتحۃ

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوۡرَ ۬ؕ ثُمَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ یَعۡدِلُوۡنَ ﴿۱﴾ سورۃ الانعام

سب خوبیاں اللہ کو جس نے آسمان اور زمین بنائے اور اندھیریاں اور روشنی پیدا کی اس پر کافر لوگ اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

فَقُطِعَ دَابِرُ الۡقَوۡمِ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ؕ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۴۵﴾ سورۃ الانعام

توجڑ کاٹ دی گئی ظالموں کی اور سب خوبیاں سراہا اللہ رب سارے جہاں کا

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَ نَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ
الْاَنْهٰرُ ۚ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَ مَا
كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْ لَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ
رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَ نُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ سورۃ الأعراف

اور ہم نے ان کے سینوں سے کینے کھینچ لیے ان کے نیچے نہریں بہیں گی اور کہیں گے سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمیں اس کی راہ دکھائی اور ہم راہ نہ پاتے اگر اللہ ہمیں راہ نہ دکھاتا، بیشک ہمارے رب کے رسول حق لائے اور ندا ہوئی کہ یہ جنت تمہیں میراث ملی صلہ تمہارے اعمال کا،

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ
وَ اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾ ع سورۃ یونس

ان کی دعا اس میں یہ ہوگی کہ اللہ تجھے پاکی ہے اور ان کے ملتے وقت خوشی کا پہلا بول سلام ہے اور ان کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب خوبیوں کو سراہا اللہ جو رب ہے سارے جہان کا

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ وَهَبَ لِىۡ عَلَى الۡكِبَرِ اِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ ؕ

اِنَّ رَبِّىۡ لَسَمِيۡعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ سورۃ ابراھیم

سب خوبیاں اللہ کو جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل واسحاق دیئے بیشک میرا رب دعا سننے والا ہے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبۡدًا مَّمۡلُوۡكًا لَّا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ وَّ مَنۡ

رَّزَقۡنٰهُ مِنَّا رِزۡقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنۡفِقُ مِنۡهُ سِرًّا وَّ جَهۡرًا ؕ

هَلۡ يَسۡتَوٗنَ ؕ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۵﴾

سورۃ النحل

اللہ نے ایک کہاوت بیان فرمائی ایک بندہ ہے دوسرے کی ملک آپ کچھ مقدور نہیں رکھتا اور ایک جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھی روزی عطا فرمائی تو وہ اس میں سے خرچ کرتا ہے چھپے اور ظاہر کیا وہ۔ برابر ہو جائیں گے سب خوبیاں اللہ کو ہیں بلکہ ان میں اکثر کو خبر نہیں ۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ لَمۡ يَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّ لَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ شَرِيۡكٌ فِى الۡمُلۡكِ وَ لَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرۡهُ تَكۡبِيۡرًا ﴿۱۱۱﴾ سورۃ الاسراء

اور یوں کہو سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے لیے بچہ اختیار نہ فرمایا اور بادشاہی میں کوئی اس کا شریک نہیں اور کمزوری سے کوئی اس کا حمایتی نہیں اور اس کی بڑائی بولنے کو تکبیر کہو

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰى عَبۡدِهِ الۡكِتٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَلۡ لَّهٗ عِوَجًا ؕ سکتہ ﴿۱﴾ سورۃ الکہف

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں اصلًا) بالکل، ذرا بھی (کجی نہ رکھی،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

فَاِذَا اسۡتَوَيۡتَ اَنۡتَ وَمَنۡ مَّعَكَ عَلَى الۡفُلۡكِ فَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ نَجّٰٮنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۲۸﴾ سورۃ المؤمنون

پھر جب ٹھیک بیٹھ لے کشتی پر تو اور تیرے ساتھ والے تو کہہ سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمیں ان ظالموں سے نجات دی،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ لَقَدۡ اٰتَيۡنَا دَاوٗدَ وَ سُلَيۡمٰنَ عِلۡمًا ۚ وَ قَالَا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيۡرٍ مِّنۡ عِبَادِهِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۵﴾ سورۃ النمل

اور بیشک ہم نے داؤد اور سلیمان کو بڑا علم عطا فرمایا اور دونوں نے کہا سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمیں اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت بخشی

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيۡنَ اصۡطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيۡرٌ اَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۵۹﴾ؕ سورۃ النمل

تم کہو سب خوبیاں اللہ کو اور سلام اس کے چنے ہوئے بندے پر کیا اللہ بہتر یا ان کے ساختہ شریک

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ سَيُرِيۡكُمۡ اٰيٰتِهٖ فَتَعۡرِفُوۡنَهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾ؑ سورۃ النمل

اور فرماؤ کہ سب خوبیاں اللہ کے لیے عنقریب وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا تو انہیں پہچان لوگے اور اے محبوب ! تمہارا رب غافل نہیں، اے لوگو ! تمہارے اعمال سے،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡحَمۡدُ فِى الۡاُوۡلٰى وَالۡاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الۡحُكۡمُ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۷۰﴾ سورۃ القصص

اور وہی ہے اللہ کہ کوئی خدا نہیں اس کے سوا اسی کی تعریف ہے دنیا اور آخرت میں اور اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف پھر جاؤگے،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۳﴾ سورۃ العنکبوت

اور جو تم ان سے پوچھو کس نے اتارا آسمان سے پانی تو اس کے سبب زمین زندہ کردی مَرے پیچھے ضرور کہیں گے اللہ نے تم فرماؤ سب خوبیاں اللہ کو، بلکہ ان میں اکثر بے عقل ہیں

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ لَهُ الۡحَمۡدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ عَشِيًّا وَّ حِيۡنَ تُظۡهِرُوۡنَ ﴿۱۸﴾ سورۃ الروم

اور اسی کی تعریف ہے آسمانوں اور زمین میں اور کچھ دن رہے اور جب تمہیں دوپہر ہو۔

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۵﴾ سورۃ لقمان

اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے بنائے آسمان اور زمین تو ضرور کہیں گے اللہ نے، تم فرماؤ سب خوبیاں اللہ کو بلکہ ان میں اکثر جانتے نہیں،

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَلَهُ الۡحَمۡدُ فِى الۡاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۱﴾ سورۃ سبأ

سب خوبیاں اللہ کو کہ اسی کا مال ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے اور وہی ہے حکمت والا خبردار،

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ جَاعِلِ الۡمَلٰٓئِکَۃِ
رُسُلًا اُولِیۡۤ اَجۡنِحَۃٍ مَّثۡنٰی وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ؕ یَزِیۡدُ فِی
الۡخَلۡقِ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱﴾ سورۃ فاطر

سب خوبیاں اللہ کو جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا فرشتوں کو رسول کرنے والا جن کے دو دو تین تین چار چار پر ہیں، بڑھاتا ہے آفرینش (پیدائش) میں جو چاہے بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے،

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ قَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ اَذۡہَبَ عَنَّا الۡحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا
لَغَفُوۡرٌ شَکُوۡرُ ﴿۳۴﴾ۙ سورۃ فاطر

اور کہیں گے سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمارا غم دور کیا بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۸۲﴾ سورۃ الصافات

اور سب خوبیاں اللہ کو سارے جہاں کا رب ہے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا رَّجُلًا فِیۡہِ شُرَکَآءُ مُتَشٰکِسُوۡنَ وَ رَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ ہَلۡ یَسۡتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ ۚ بَلۡ اَکۡثَرُہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۹﴾ سورۃ الزمر

اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے ایک غلام میں کئی بدخو آقا شریک اور ایک نرے ایک مولیٰ کا، کیا ان دونوں کا حال ایک سا ہے سب خوبیاں اللہ کو بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ قَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ صَدَقَنَا وَعۡدَہٗ وَ اَوۡرَثَنَا الۡاَرۡضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الۡجَنَّۃِ حَیۡثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ ﴿۷۴﴾ سورۃ الزمر

وہ کہیں گے کہ خدا کا شکر ہے جس نے اپنے وعدہ کو ہم سے سچا کر دیا اور ہم کو اس زمین کا وارث بنا دیا ہم بہشت میں جس مکان میں چاہیں رہیں تو (عمل کرنے والوں کا بدلہ بھی کیسا خوب ہے

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَ تَرَی الۡمَلٰٓئِکَۃَ حَآفِّیۡنَ مِنۡ حَوۡلِ الۡعَرۡشِ یُسَبِّحُوۡنَ بِحَمۡدِ رَبِّہِمۡ ۚ وَ قُضِیَ بَیۡنَہُمۡ بِالۡحَقِّ وَ قِیۡلَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۷۵﴾ سورۃ الزمر

تم فرشتوں کو دیکھوگے کہ عرش کے گرد گھیرا باندھے ہوئے ہیں) اور (اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں۔ اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو سزاوار ہے جو سارے جہان کا مالک ہے۔

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

ہُوَ الۡحَیُّ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ فَادۡعُوۡہُ مُخۡلِصِیۡنَ لَہُ الدِّیۡنَ ؕ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۶۵﴾ سورۃ غافر

وہ زندہ ہے (جسے موت نہیں) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تو اس کی عبادت کو خالص کر کر اسی کو پکارو۔ ہر طرح کی تعریف خدا ہی کو (سزاوار) ہے جو تمام جہان کا پروردگار ہے

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

فَلِلّٰهِ الۡحَمۡدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۳۶﴾

سورۃ الجاثیۃ

پس خدا ہی کو ہر طرح کی تعریف) سزاوار (ہے جو آسمانوں کا مالک اور زمین کا مالک اور تمام جہان کا پروردگار ہے

﴿بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ لَهُ الۡمُلۡكُ وَ لَهُ الۡحَمۡدُ ۫ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱﴾ سورۃ التغابن

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے (سب) خدا کی تسبیح کرتی ہے۔ اسی کی سچی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف (لامتناہی) ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

دعا قربِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝ (غافر: 60)

ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا بیشک وہ جو میری عبادت سے اونچے کھینچتے (تکبر کرتے) ہیں عنقریب جہنم میں جائیں گے ذلیل ہو کر.

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : "لَيْسَ شَيْءٌ أَكْرَمَ عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الدُّعَاءِ " (صحیح سنن الترمذی 138/3)

اللہ عزوجل کے ہاں دعا سے زیادہ کوئی چیز قابل عزت نہیں۔

اللہ رب العزّت فرماتے ہیں۔

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۝ (البقرہ)

اور اے محبوب () جب آپ سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے تو انہیں چاہئے میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں کہ کہیں راہ پائیں،

انسان اگر اپنے جیسی مخلوق سے مانگے تو وہ اکثر وبیشتر مایوسی و ناامیدی کا سامنا کرتا ہے جبکہ خالق کائنات سخت غضب ناک ہوتا ہے اگر اس سے سوال نہ کیا جائے۔

اللہ یغضب إن ترکت سؤالہ

وبنی آدم حین یسأل یغضب

اللہ تبارک تعالیٰ سے جب بھی مانگو تو وہ خوش ہوتا ہے۔لیکن اس کے برعکس مخلوق سے سوال کرنے سے اسکی ناراضی کاسامنا کرنا ہوتا ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''**من لا یسئل اللہ یغضب علیہ**''.

جو شخص اللہ تعالیٰ سے سوال نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہو جاتے ہیں ۔ (سنن الترمذی، ابواب الدعوات، باب منہ من لم یسئل اللہ یغضب علیہ ،رقم الحدیث:3373)

اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا اسکی رضاوخوشنودی کے حصول کا سب سے عظیم ذریعہ ہے۔اس سے انسانی روح کو یک گونہ راحت وسکون ملتاہے۔اور اللہ جل جلالہ کی عطا کردہ نعمتوں میں اضافہ ہوتاہے۔

فضیل بن عیاض رحمۃاللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں

من عرف نعمة اللّٰه بقلبه وحمده بلسانه لم يستتم ذلك حتى يرى الزيادة

''جس نے اللہ تعالی کی نعمت کو اپنے دل سے پہچانا اور اپنی زبان سے اس کی حمد وثنا بیان کی، تووہ ضروراپنی نعمتوں میں زیادتی دیکھے گا''۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

"عليكم بالدعاء فانكم لاتتقربون بمثله"

''تم دعاکیا کرواللہ تعالیٰ سے قریب کرنے میں اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے''

حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وآله وسلم مَنْ فُتِحَ لَهُ مِنَ الدُّعَاءِ مِنْكُمْ فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْاِجَابَةِ.

''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جس کے لئے دعا کا دروازہ کھل گیا اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھل گئے''۔

(ابن ابی شیبۃ، المصنف، 6 : 22، رقم: 29168)

